

# کہانیاں شئیر کرنا

آپ کو ہمیشہ الفاظ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کہانیوں میں دلچسپی لینے کے لئے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کرنے کا ایک اچھا طریقہ یہ ہے کہ تصویروں والی کتاب کو دیکھیں اور اس کے بارے میں بات کریں۔ اگر آپ گھر پر کوئی دوسری زبان بولتے ہیں، تو تصویروں اور کہانی کے بارے میں اپنی زبان میں بات کیجیے۔

آپ جب بھی کتابیں شیئر کریں گے تو آپ اکٹھے مزہ اٹھا سکتے ہیں:

- کتاب کے کور کے بارے میں بات کیجئے اور عنوان کی نشاندہی کریں۔
- اپنے بچے کو کتاب پکڑنے اور صفحات پلٹانے دیں۔
- تصویروں کے بارے میں بات کرنے میں ان کی حوصلہ افزائی کیجئے۔
- مختلف کرداروں کے لئے مختلف آوازیں استعمال کریں۔ صوتی اثرات شامل کریں جیسے تالاب میں کودنا، گاڑی کے ہارن کی آواز یا جانوروں کی آوازیں۔
- جب کہانی ختم ہوجائے، تو آپ انہیں پوچھ سکتے ہیں کہ کیا انہیں یہ پسند آئی اور کیا انہیں کوئی کردار پسندیدہ لگا۔

**کیا آپ جانتے ہیں** کہ جن بچوں کو پانچ سال کی عمر میں والدین کی جانب سے باقاعدگی سے پڑھ کر سنایا گیا ہو وہ 16 سال کی عمر میں ریاضی، ذخیرۂ الفاظ اور ہجوں کے ٹیسٹوں میں ان بچوں سے بہتر کارگردگی دکھاتے ہیں جن کی اس انداز میں مدد نہ کی گئی ہو؟[5]

**کیا آپ جانتے ہیں** کہ بچوں کی ہمیشہ ایک پسندیدہ کہانی ہوتی ہے جسے وہ بار بار سننا چاہتے ہیں؟ اس سے انہیں الفاظ کی ترتیب سیکھنے اور تحریر شدہ الفاظ کو کہانی سے مربوط کرنے میں مدد ملتی ہے - جو مطالعہ سیکھنے کے اولین قدم ہوتے ہیں!

**ستارہ اشارہ**

مل کر(کسی میز پر ایک کپڑا ڈال کر) ایک کچھار بنائیے، جس میں آپ دونوں کے مل بیٹھنے کی جگہ ہو۔ آپ کہانی میں اپنی کچھار کا حصہ بنا سکتے ہیں - یہ کسی دیو کا غار، راکٹ جہاز، یا شہزادی کا مینار ہو سکتا ہے۔

**چھوٹی گپ شپ کا آئیڈیا**

اپنے بچے سے اپنے بچپن کے بارے میں بات کیجئے۔ سارے خاندان کو شامل کیجئے - دادا/دادی کے پاس اس وقت کی کہانیاں ہوسکتی ہیں جب وہ بڑے ہو رہے تھے!